سوال

(65) مشکوۃ شریف کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مشکواہ شریف کیا ہے کیا یہ کسی امام کی جمع کردہ احادیث کا مجموعہ ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

'مشکوۃ المصابیح' مختلف کتب احادیث سے منتخب احادیث کے مجموعے کا نام ہے۔ دراصل امام بغوی رحمہ اللہ نے 'مصابیح السنة' کے نام سے حدیث کی مشہور کتابوں صحاح ستہ، مؤطا امام مالک، مسند امام احمد، مسند امام شافعی، سنن بیہقی، سنن دارمی اور دیگر کتب احادیث سے منتخب کیا تھا۔ اس کے بعد خطیب تبریزی رحمہ اللہ نے اس کتاب کی تکمیل کرتے ہوئے اس میں کچھ اضافہ کیا۔ مثلاً یہ حدیث فلاں صحابی سے مروی ہے، ہر باب میں تیسری فصل کا اضافہ کیا اور اصل کتاب کا حوالہ دیا۔ اور اس کتاب کا نام 'مشکوۃ المصابیح' رکھا۔

وباللہ التوفیق

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02